سوال

(224)رمضان میں خون کے معمولی سے نشان محسوس ہوں تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر عورت کو رمضان کے دنوں میں خون کے معمولی نشان محسوس ہوں اور پورے رمضان اسے یہی صورت درپش رہے تو کیا یہ روزے رکھے اور کیا اس کے یہ روزے صحیح ہوں گے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، اس کے روزے بالکل صحیح ہیں اور خون کے یہ داغ جو اسے محسوس ہوئے ہیں یہ کچھ نہیں ہیں، کیونکہ یہ دوسری رگوں سے ہین۔ اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اس قسم کے خون کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ ویسے ہی ہے جیسے کسی کو نکسیر آجائے اور حیض نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 220

محدث فتویٰ